مشتمل یہ تحقیقی دستاویز آپ دارالعلوم سعیدیہ اوگی مانسہرہ سے طلب کرسکتے ہیں۔ (رابطہ نمبر 0301-5034689)

ماہنامہ تعمیر افکار کا قرآن کریم نمبر ...... (مولف) : سید عزیز الرحمٰن

''تعمیر افکار'' کراچی سے شائع ہونے والا ایک علمی، ادبی اور تحقیقی ماہنامہ ہے ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن اس کے مدیر ہیں۔ جو ایک اعلیٰ علمی اور خاندان کے چشم و چراغ ہیں اور تحریر و تحقیق کا انتہائی ستھرا ذوق بھی رکھتے ہیں۔ زیر نظر کتاب اسی ماہنامے کا قرآن کریم ہے۔ جو دو ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ یہ نمبر بہت سے مقالات اور بعض قرآنی منظومات پر مشتمل ہے ان مواد کو مندرجہ ذیل بڑے عنوانوں کے تحت سمیٹا گیا ہے۔ تعارف قرآن مجید، عظمت قرآن، اعجاز قرآن، مطالعہ قرآن، مضامین قرآن، منظومات قرآن، اسلوب قرآنی، خدمات قرآنی، علم تفسیر، تفسیر اور اہل تفسیر، قرآن کریم اور مستشرقین، اشاریے۔ ان میں نامور اہل قلم اور علماء کے انتہائی فاضلانہ اور قیمتی مقالات کو شامل کیا گیا ہے۔ یوں تو ان میں سے ہر مقالہ اہم ہے لیکن اس مختصر تبصرے میں ان سب کا الگ طور پر ذکر نہیں کیا جاسکتا، لیکن ''صوتیات میں قرآنی تجوید کی اہمیت'' بعض حوالوں سے بالکل ایک نیا اور اچھوتا کام ہے۔ یہ اردو کے مشہور ادیب اور ماہر لسانیات ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے قلم سے ہے آپ نے قرآنی تجوید کو بالکل ایک نئے اسلوب میں بیان کیا ہے جو ایک قابل قدر کاوش ہے۔ یہ نمبر قرآنیات کے موضوع پر ایک نہایت اہم اور وقیع اضافہ ہے۔ اس سے اس موضوع کے بہت سارے پہلوؤں اور گوشے قارئین کے سامنے آئیں گے۔ ''ماہنامہ الحق'' اس قیمتی اور نفیس نمبر شائع کرنے پر ماہنامہ تعمیر افکار اور اس کے منتظمین کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ امید ہے کہ اہل علم اور علماء کے ساتھ ساتھ عوام بھی اسے ہاتھوں ہاتھ لیں گے اور استفادہ کریں گے۔ زوار اکیڈمی کراچی سے یہ نمبر مناسب قیمت میں دستیاب ہے۔

زاد المتقین ...... مؤلف: مفتی محمد احمد

''زاد المتقین'' ابتدائی اسلامی تعلیمات پر مشتمل آسان، عام فہم اور سہل ترین کتاب ہے جو معہد الخلیل الاسلامی کراچی کے لائق و فائق مدرس اور جامعہ بنوری ٹاؤن کے فاضل مولانا محمد احمد صاحب کی کاوش ہے۔ کتاب اسماء الحسنی، منتخب جنت کی کنجی، چہل دعا، چہل حدیث، منتخب تعلیم الاسلام، آداب کا بیان، انوار الدعا، مسائل ضروریہ وغیرہ جیسے اہم ابواب مشتمل ہے۔ ابتدائی طلباء و طالبات کیلئے مفید ہے۔ طباعت معیاری ہے البتہ زاد المسلمین یا اسلامی تعلیمات جیسے نام رکھتے تو کتاب کا مقصد قارئین کے ذہن میں جلد واضح ہو جاتا، مولانا عبدالرزاق اسکندر صاحب، مولانا یحییٰ مدنی صاحب دامت برکاتہم وغیرہ حضرات کی تقاریر پر مشتمل یہ کتابچہ آپ دار العصر کراچی (0321-2118801) سے طلب کرسکتے ہیں۔